14 اپریل، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

ہمارے "محفوظ رہیں، کھلے رہیں" منصوبے نے ہمارے اسکولوں کو کھلا رکھنے میں اور COVID-19 عالمی وبا کے دوران نوجوانوں کے لیے محفوظ ترین جگہ رہنے میں کامیابی کے ساتھ ہماری مدد کی ہے، حالانکہ ہم نے K-12 کے طلبا کے لیے لازمی ماسک پہننے کا حکم ختم کر دیا ہے۔ موسمِ بہار کی تعطیل کے بعد ہماری اسکول کی برادری کو محفوظ رکھنے کے لیے، ویکسینیشن کی صورت حال کے قطع نظر، ہم تمام طلبا کی 25 اپریل کو اسکول واپسی سے قبل COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آپ کا بچہ PCR، لیب پر مبنی ٹیسٹ، یا ایک گھریلو ٹییسٹ کے ذریعے ٹیسٹ کروا سکتا ہے۔ آپکے بچے کو چار COVID-19 گھریلو ٹیسٹ کٹس دیے گئے تھے، دو آپکے بچے کے لیے اور دو اہل خانہ کے لیے۔

اگر آپ یا آپ کے گھر میں کسی کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، ہمیں خوشی ہے کہ 12 سال اور اس زیادہ کی عمر کے کچھ افراد کے لیے جنکا نتیجہ مثبت آتا ہے، موثر COVID-19 علاج، بشمول اینٹی وائرل ادویات دستیاب ہیں۔ آپ ان ادویات کو اپنے ڈاکٹر یا صحتی نگہداشت فراہم کنندہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔ یا آپ 212-COVID19 پر کال کر کے ایک طبی پیشہ ور سے علاج کے انتخابات پر بات کر سکتے ہیں۔ علاج اس وقت بہت اچھا کام کرتا ہے جب علامات کے آغاز کے بعد اسے جتنا جلد ممکن ہو شروع کر دیا جائے اور اس سے علامات کو کم کر کے ہسپتال جانے سے بچا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی یہ ملاحظہ کریں https://www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/covid/treatments-available.pdf (براہِ مہربانی توجہ کریں کہ اس تیسرے فریق وسیلے کے لیے ترجمے دستیاب نہیں ہیں)۔ *

میرے بچے کو کس وقت گھر پر ٹیسٹ کرنا چاہیئے؟

- برائے مہربانی اپنے بچے کی سنیچر، 23 اپریل کی شام کو فراہم کردہ گھر کے لیے COVID ٹیسٹ میں سے ایک ٹیسٹ لینے میں مدد کریں۔
- 24 گھنٹوں کے بعد، اتوار، 24 اپریل کی شام کو اپنے بچے کی دوسرا ٹیسٹ لینے میں مدد کریں۔
- اگر آپ کے بچے کا ٹیسٹ منفی آیا ہے اور یہ تندرست محسوس کر رہا ہے تو ان کو بروز پیر، 25 اپریل اسکول آنا چاہیئے۔
- برائے مہربانی توجہ کریں، اگر آپکا بچہ COVID-19 کے ایک تصدیق شدہ کیس سے پچھلے 90 دونوں میں صحتیاب ہوچکا ہے، ان کو ٹیسٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر یہ تندرست محسوس کر رہے ہیں تو ان کو پیر، 25 اپریل کو اسکول آنا چاہیئے۔

اگر میرے بچے کے ایک ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

- کنڈر گارٹن اور بڑی عمر کے بچے: براہِ کرم اپنے اسکول کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو پانچ ایام کے لیے علیحدہ رکھیں۔ اگر آپکے بچے میں کوئی علامات نہیں ہیں یا علامات میں بہتری آ رہی ہے (بشمول بغیر کسی دوا کے استعمال کے 24 گھنٹۂ بخار نہ ہونا) تو وہ چھٹے دن اسکول آ سکتا ہے۔ آپکے بچے کو اسکول میں مثبت ٹیسٹ کے بعد دس دن تک ایک درست فِٹ ہوا ماسک لازمی پہننا ہوگا۔
- پری کنڈر گارٹن اور چھوٹی عمر (کے بچے): براہِ مہربانی اپنے اسکول / پروگرام کو مطلع کریں اور اپنے بچے کو دس دن کے لیے علیحدہ رکھیں۔ آپ کا بچہ آپکے اسکول / پروگرام میں دسویں دن کے بعد آ سکتا ہے۔
- تمام عمروں کے لیے:
  - براہِ کرم یاد رکھیں اگر آپ کے بچے کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے، آپ کا بچہ علیحدگی کے دورانیے کے دوران غیر ہم آہنگ ریموٹ تعلیم اور دفتری اوقات کا مستحق ہے۔
  - اگر آپ کے بچے کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے مزید اقدامات لینے کے لیے برائے مہربانی یہاں پر ہمارے COVID-19 رہنما چارٹس ملاحظہ کریں schools.nyc.gov/2022Health۔

میں ٹیسٹ کِٹ کے لیے ہدایات کو کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟

- تمام ٹیسٹ کِٹس شائع شدہ ہدایات کے ساتھ آتی ہیں، براہِ مہربانی ٹیسٹ کرتے وقت ان ہدایات پر عمل کریں۔ آپ یہاں پر اپنی ٹیسٹ کٹ استعمال کرنے کے بارے میں کئی زبانوں میں وڈیوز بھی دیکھ سکتے ہیں schools.nyc.gov/HomeRapidTestKits

COVID-19 کو ہمارے اسکولوں سے دور رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داری نبھانے کا شکریہ! جب آپ کا بچہ اس تعطیل کے بعد اسکول واپس آئے، براہِ کرم صحت کی چھان بین کا فارم ہر روز مکمل کرنا یقینی بنائیں جو یہاں دستیاب ہے healthscreening.schools.nyc

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آله ہے۔ 5 سال اور اس سے بڑی عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوایا ہے تو برائے مہربانی vaccinefinder.nyc.gov پر ایک مقررہ وقت لینے کے لیے وسط بہار تعطیل کے موقع کو استعمال کریں یا اپنے نزدیک ایک ویکسین سائٹ تلاش کرنے کے لیے 311 کو کال کریں۔ یہ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمه (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔

12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین شدہ ہیں اور جنہوں نے اپنی دو خوراکوں پر مشتمل ویکسین کی دوسری خوراک کم از کم پانچ مہینے لی ہے انکے لیے اب ویکسین بوسٹر ٹیکے بھی دستیاب ہیں۔ بوسٹر شاٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں جائیں .www1.nyc.gov/site/doh/covid/covid-19vaccines.page#boost

میں آپ کے اور آپ کے بچے کے لیے ایک صحت مند اور آرام دہ تعطیل کی دعاگُو ہوں،

Dr. Cristina Meléndez

Dr. Cristina Meléndez
منتظم اعلٰی
خاندانی اور اجتمائی شمولیت